اکائی IV

باب 11

# بین الاقوامی تجارت




آپ بین الاقوامی تجارت کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں اپنی کتاب ''انسانی جغرافیہ کے مبادیات'' میں پڑھ چکے ہیں۔ بین الاقوامی تجارت تمام ممالک کے لیے باہمی طور پر فائدہ مند ہے کیونکہ کوئی بھی ملک خود کفیل نہیں ہے۔ حالیہ برسوں میں ہندوستان کی بین الاقوامی تجارت کی مقدار، ساخت اور سمت میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ اگرچہ مقدار کے لحاظ سے بین الاقوامی تجارت میں ہندوستان کا حصہ ایک فی صد سے بھی کم ہے پھر بھی عالمی معیشت میں ہندوستان کا اہم مقام ہے۔

آیئے ہندوستان کی بین الاقوامی تجارت کی بدلتی ترتیب کا جائزہ لیں۔ 51-1950 میں ہندوستان کی بیرونی تجارت کی کل مالیت 1,214 کروڑ روپیے تھی جو کہ سال 10-2009 میں بڑھ کر 2209270 کروڑ روپیے ہوگئی۔ کیا آپ 51-1950 سے 10-2009 تک کی فی صد افزائش کا اندازہ کر سکتے ہیں؟ بیرونی تجارت میں افزائش کی کئی وجوہات ہیں مثلاً اشیا ساز سیکٹر میں تندرفتاری، حکومت کی نرم کاری کی پالیسی اور بازاروں کا تنوع وغیرہ۔

وقت کے ساتھ ہندوستان کی بیرونی تجارت کی شکل میں تبدیلی آئی ہے (جدول 11.1)۔ اگرچہ درآمدات اور برآمدات کی کل مقدار میں اضافہ ہوا ہے لیکن درآمدات کی مقدار برآمدات کی مقدار سے زیادہ ہی رہی ہے۔ پچھلے کچھ برسوں میں تجارتی نقصان میں اضافہ بھی ہوا ہے۔ تجارتی نقصان کے لیے خام تیل کو کافی حد تک ذمہ دار مانا جاسکتا ہے جو کہ ہندوستان کی درآمدات میں سرفہرست ہے۔

## ہندوستانی برآمدات کی ساخت کی ترتیب میں تبدیلی

سال 08-2007 سے 11-2010 کے دوران ہندوستان کی بیرونی تجارت میں برآمدات اور درآمدات کے فرق کی طوالت




ماخذ: اکنامک سروے، 17-2016

شکل 11.1

## جدول 11.1: ہندوستان کی غیر ملکی تجارت (کروڑ روپے میں)

| سال | برآمدات | درآمدت | تجارتی نقصان |
|---|---|---|---|
| 2004-05 | 3,75,340 | 5,01,065 | -1,25,725 |
| 2009-10 | 8,45,534 | 13,63,736 | -5,18,202 |
| 2013-14 | 19,05,011 | 27,15,434 | -8,10,423 |
| 2016-17 | 18,52,340 | 25,77,422 | -7,25,082 |

ماخذ: http://commerce.nic.in/publications/annual report-2010 and Economic Survey 2016-17

### سرگرمی

جدول میں دی گئی سبھی قسم کی اشیا کی برآمدات کو ایک بار ڈائی گرام کے ذریعہ دکھایئے۔ اس کے لیے مختلف رنگوں کے قلم یا پینسل کا استعمال کیجیے۔

## جدول 11.2 ہندوستان کی برآمدات کی ساخت 2017-2009

(برآمدات میں فی صد حصہ)

| اشیا | 2009-10 | 2010-11 | 2015-16 | 2016-17 |
|---|---|---|---|---|
| زراعتی اور متعلقہ مصنوعات | 10.0 | 9.9 | 12.6 | 12.3 |
| خام معدنیات | 4.9 | 4.0 | 1.6 | 1.9 |
| صنعتی اشیا | 67.4 | 68.0 | 72.9 | 73.6 |
| خام تیل اور پیٹرولیم | 16.2 | 16.8 | 11.9 | 11.7 |
| دیگر مصنوعات | 1.5 | 1.2 | 1.1 | 0.5 |

ماخذ: اکنامک سروے، 17-2016

جیسا کہ پہلے تذکرہ کیا جاچکا ہے کہ ہندوستان کی بین الاقوامی تجارت میں وقت گزرنے کے ساتھ اشیا کی اقسام میں تبدیلیاں آئی ہیں۔ بین الاقوامی تجارت میں زراعت اور متعلقہ مصنوعات کا حصہ کم ہوا ہے جبکہ پیٹرولیم اور خام اشیا اور دیگر مصنوعات کے حصہ میں اضافہ ہوا ہے۔ خام معدنیات اور مصنوعات کے حصے میں 10-2009 سے 11-2010 اور 16-2015 سے 17-2016 کے درمیان ایک ٹھہراؤ رہا۔

© NCERT not to be republished

روایتی اشیا کی تجارت میں گراوٹ کی وجہ خصوصاً سخت بین الاقوامی مقابلہ ہے۔ زرعی پیداوار کے تحت کافی وغیرہ جیسی روایتی اشیا کی برآمد میں خاصی کمی آئی ہے جبکہ پھولوں، تازہ پھلوں، سمندری اشیا اور چینی وغیرہ کی تجارت میں اضافہ درج ہوا ہے۔

سال 2016-17 کے دوران ہندوستان کی مجموعی برآمدات میں صنعتی شعبہ کا حصہ 73.16 فی صد رہا۔ حکومت کے مثبت اقدام کے باوجود کپڑے کی صنعت میں کچھ زیادہ اضافہ نہ ہوسکا۔ چین اور مشرقی ایشیا کے دیگر ممالک ہمارے تجارتی حریف ہیں۔ جواہرات اور زیورات ہندوستان کی غیر ملکی تجارت کا ایک اہم حصہ ہیں۔

### سرگرمی

جدول 11.3 کا مطالعہ کیجیے اور 2016-17 میں برآمد کی گئی اہم اشیا کو ایک بار ڈائی گرام کے ذریعہ دکھایئے۔

## ہندوستان کی درآمدات کی ساخت میں تبدیلی

ہندوستان میں 1950 اور 1960 کی دہائی میں خوراک کی سخت قلت تھی۔ اس وقت درآمدات کی فہرست میں خوردنی اناج، اصل اشیا (capital goods)، مشینیں اور اوزار شامل تھے۔ اس دوران توازن ادائیگی کی حالت ابتر تھی کیونکہ تمام کوششوں کے باوجود درآمدت برآمدات کی نسبت زیادہ تھی۔ 1970 میں سبز انقلاب کی کامیابی کی وجہ سے خوردنی اناج کی درآمد کو منسوخ کر دیا گیا تھا۔ لیکن 1973 کے بعد توانائی کے بحران کی وجہ سے پیٹرولیم کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے درآمد کے بجٹ کو بڑھا دیا۔ خوردنی اناج کی درآمد کی جگہ کیمیائی کھاد اور پیٹرولیم نے لے لی۔ مشین اور کل پرزے، خاص نوعیت کی اسٹیل، کھانے کا تیل اور کیمیکلس درآمدات کی فہرست میں شامل اہم اشیا ہیں۔ جدول 11.4 کا مطالعہ کیجیے اور درآمدات کی ساخت میں تبدیلی کا تجزیہ کیجیے۔

### جدول 11.3: برآمد کی جانے والی اہم اشیا

| اشیا | 2016-17 (کروڑ روپے میں) |
|---|---|
| زرعی اور متعلقہ مصنوعات | 22,8001 |
| خام دھاتیں اور معدنیات | 35,947 |
| مصنوعاتی اشیا | 13,63232 |
| معدنی ایندھن اور مدہن اشیا | 216280 |

ماخذ: اکنامک سروے، 2016-17

جدول 11.4 سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیٹرولیم اور اس کی مصنوعات کی درآمدگی میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ اس کا استعمال نہ صرف ایندھن کے طور پر ہوتا ہے بلکہ صنعتی خام مال کے طور بھی ہوتا ہے۔ یہ صنعتی ترقی اور بہتر معیار زندگی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ بین الاقوامی منڈی میں گرانی اس امر کی دوسری اہم وجہ ہے۔ برآمدت سے متعلق صنعتوں اور گھریلو شعبہ کی بڑھتی ہوئی مانگ کی وجہ سے اصل سرمایہ کی درآمد میں اضافہ کی یکساں رفتار برقرار رہی ہے۔ غیر برقی انجینئرنگ مشینری، نقل و حمل کے ساز سامان، مشینی اوزار و اشیا اور مشینوں کے پرزے وغیرہ اہم اصل سرمایہ ہیں۔ کھانے کے تیل کی درآمد میں کمی کی وجہ سے غذائی اور متعلقہ اشیا کی کل درآمد میں بھی کمی آئی۔ ہندوستان کی دیگر درآمدات میں موتی، نیم قیمتی پتھر، سونا، چاندی، خام دھات، ناکارہ دھات، غیر آہنی دھات اور الیکٹرانک سامان وغیرہ شامل ہیں۔ 2016-17 میں ہندوستان کی اہم درآمدات کو جدول 11.5 میں دیا گیا ہے۔

جدول 11.5 کی بنیاد پر بعض سرگرمیاں انجام دی جاسکتی ہیں:

سبھی اشیا کو بڑھتی یا گھٹتی ترقیب میں ترتیب دیجیے اور 2016-17 میں ہندوستان میں درآمد کی گئی پہلی پانچ اہم اشیا کے نام لکھیے۔

زرعی اعتبار سے ہندوستان ایک خوشحال ملک ہے۔ پھر بھی خوردنی تیل درآمد کیوں کرتا ہے؟

© NCERT not to be republished

## جدول 11.4: ہندوستان کی درآمدات کی ساخت 2009-2017

(فی صد)

| اشیا کا گروپ | 2009-10 | 2010-11 | 2015-16 | 2016-17 |
|---|---|---|---|---|
| خوراک اور متعلقہ اشیا | 3.7 | 2.9 | 5.1 | 5.6 |
| ایندھن (کوئلہ، پٹرولیم، | 33.2 | 31.3 | 25.4 | 26.7 |
| کیمیائی کھاد | 2.3 | 1.9 | 2.1 | 1.3 |
| گتا اور اخباری کاغذ | 0.5 | 0.6 | 0.8 | 0.9 |
| اصل اساس | 15.0 | 13.1 | 13.0 | 13.6 |
| ان کے علاوہ دیگر | 42.6 | 47.7 | 38.1 | 37.0 |

ماخذ: اکنامک سروے، 2016-17

پانچ اہم ترین اور پانچ غیر اہم اشیا کا انتخاب کیجیے۔ اور ان کو بار ڈائیگرام کے ذریعہ دکھایئے۔

کیا آپ درآمدات کی فہرست میں کچھ ایسی اشیا کی نشان دہی کرسکتے ہیں جن کے متبادل ہندوستان میں تیار کیے جاسکتے ہیں؟

## جدول 11.5: درآمد کی جانے اہم والی اشیا

| اشیا | 2016-17 |
|---|---|
| کیمیائی کھاد اور اس کی مینوفیکچرنگ | 33726 |
| خوردنی تیل | 73048 |
| لگدی اور رڈی کاغذ | 6537 |
| غیر آہنی دھاتیں | 262961 |
| لوہا اور اسٹیل | 55278 |
| مصنوعات اور مدہن اشیا | 582762 |
| موتی، قیمتی اور نیم قیمتی پتھر | 159464 |
| ادویہ اور متعلقہ اشیا | 33504 |
| کیمیائی مصنوعات | 147350 |

ماخذ: اکنامک سروے، 17-2016

## تجارت کی سمت (Direction of Trade)

دنیا کے زیادہ تر ممالک اور تجارتی تنظیموں سے ہندوستان کے تجارتی مراسم ہیں۔ سال 17-2016 کے دوران علاقائی اور ذیلی علاقائی تجارت کو جدول 11.6 میں دکھایا گیا ہے۔

## جدول 11.6 ہندوستان کی درآمدی تجارت کی سمت

(کروڑ روپیے میں)

| علاقہ | درآمدات | |
|---|---|---|
| | 2010-11 | 2016-17 |
| یورپ | 323857 | 403972 |
| افریقہ | 118612 | 193327 |
| شمالی امریکہ | 100602 | 195332 |
| لاطینی امریکہ | 64576 | 115762 |
| ایشیا اور Asean | 1029881 | 1544520 |

ماخذ: ڈپارٹمنٹ آف کامرس کے DCCI&S کے عارضی اعداد و شمار، اکنامک سروے، 12-2011 اور 17-2016

© NCERT not to be republished

ہندوستان کی کوشش اگلے پانچ سال میں بین الاقوامی تجارت میں اپنی حصہ داری دوگنی کرنے کی ہے۔ ہندوستان نے اس سمت میں متعدد اقدامات مثلاً درآمدات میں نرم کاری، درآمدی ٹیکس میں رعایت، لائسنس سے آزادی اور پیٹنٹ قانون میں تبدیلی پر عمل وغیرہ شروع کر دیا ہے۔

### سرگرمی

خاص تجارتی ساجھے داروں کو ظاہر کرنے کے لیے ایک کثیر بار ڈائیگرام (Multiple Bar Diagram) تیار کیجیے۔

ہندوستان کی زیادہ تر غیر ملکی تجارت آبی اور ہوائی راستوں کے ذریعہ ہوتی ہے۔ تاہم اس کا ایک چھوٹا حصہ پڑوسی ممالک جیسے نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش اور پاکستان سے خشکی کے راستے ہوتا ہے۔

## بندرگاہ: بین الاقوامی تجارت کی گذرگاہیں
## (Sea Ports as Gateways of International Trade)

ہندوستان تین طرف سے سمندر سے گھرا ہوا ہے اور قدرت نے ہمیں ایک لمبا ساحل عطا کیا ہے۔ آبی راستے آمدورفت کا سستا اور آسان ذریعہ ہیں بشرطیکہ سمندر میں طغیانی نہ ہو۔ ہندوستان میں آبی راستوں کے استعمال کی ایک تاریخ ہے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ کئی جگہوں کے نام کے ساتھ ''پٹن'' لفظ جڑا ہوا ہے جس کے معنی بندرگاہ کے ہیں۔ ہندوستان میں بندرگاہوں سے متعلق ایک دلچسپ حقیقت یہ ہے کہ مغربی ساحل پر سمندری بندرگاہوں کی تعداد مشرقی ساحل کے مقابلے زیادہ ہے۔

کیا آپ ان دونوں ساحلوں پر بندرگاہوں کی تعداد میں فرق کی وجوہات معلوم کر سکتے ہیں؟



شکل 11.3 بندرگاہ پر سامان اُتارتے ہوئے

اگرچہ ہندوستان میں بندرگاہوں کا استعمال دور قدیم سے ہی ہو رہا ہے لیکن ان بندرگاہوں کی بین الاقوامی تجارت کی گذرگاہ کے طور پر زیادہ پہچان یوروپی تاجروں اور انگریزوں کے ملک پر تسلط کے بعد ہوئی۔ انہی اسباب کی بنا پر ملک کی بندرگاہوں کے معیار اور حجم میں تبدیلیاں آئیں۔ کچھ بندرگاہیں ایسی ہیں جن کا دائرہ اثر بہت وسیع ہے اور کچھ ایسی ہیں جن کا دائرہ اثر محدود ہے۔ موجودہ دور میں ہندوستان میں 12 بڑی اور 200 چھوٹی یا درمیانی درجے کی بندرگاہیں ہیں۔ بڑی بندرگاہوں سے متعلق مرکزی حکومت پالیسیاں تیار کرتی ہے اور ان کو نافذ کرتی ہے۔ جبکہ چھوٹی بندرگاہوں سے متعلق پالیساں تیار کرنے اور انھیں نافذ کرنے کی ذمہ داری ریاستی حکومتوں کی ہے۔

انگریزوں نے بندرگاہوں کا استعمال ملک کے اندورونی خطوں کے قدرتی وسائل کا استحصال کرنے کے لیے کیا تھا۔ اندرونی حصوں میں ریلوے کی توسیع نے مقامی بازاروں کو علاقائی بازاروں اور علاقائی بازاروں کو ملکی

© NCERT not to be republished

بازاروں اور ملکی بازاروں کو عالمی بازاروں تک رسائی کی سہولت مہیا کرادی۔ یہ رجحان 1947 تک قائم رہا۔ امید یہ تھی کی آزادی کے بعد اس رجحان میں تبدیلی آئے گی لیکن ایسا نہ ہوسکا کیونکہ دو خاص بندرگاہیں ملک سے الگ ہوگئیں۔ کراچی بندرگاہ پاکستان کو چلی گئی جبکہ چٹاگاؤں بندرگاہ اس وقت کے مشرقی پاکستان، جو کہ اب بنگلہ دیش ہے، میں شامل ہوگئی۔ اس نقصان کی بھرپائی کے لیے کئی دوسری بندرگاہوں مثلاً مغرب میں کاندلا اور مشرق میں ہُگلی ندی پر کولکاتہ کے پاس ڈائمنڈ ہاربر کی تعمیر کی گئی۔

اس نقصان کے باوجود آزادی کے بعد بھی ہندوستان میں بندرگاہوں کی ترقی کا سلسلہ قائم رہا۔ آج ہندوستانی بندرگاہ بڑی مقدار میں گھریلو اور غیر ملکی تجارت کو بخوبی انجام دے رہے ہیں۔ زیادہ تر بندرگاہیں جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہیں۔ پہلے بندرگاہوں کی جدید کاری کی ذمہ داری سرکاری ایجنسیوں کی تھی لیکن کام کا دباؤ اور ان بندرگاہوں کو بین الاقوامی سطح کا بنانے کی ضرورت نے بندرگاہوں کی جدید کاری کے لیے نجی کمپنیوں کو مدعو کیا ہے۔

ہندوستانی بندرگاہوں کی صلاحیت جو کہ 1951 میں صرف 20 ملین ٹن تھی 17-2016 میں بڑھ کر 837 ملین ٹن سے زیادہ ہوگئی ہے۔

ہندوستان کی کچھ اہم بندرگاہیں اپنے داخلی علاقے (hinterland) کے ساتھ مندرجہ ذیل ہیں:

کچھ کی خلیج میں مقیم **کاندلا بندرگاہ** (Kandla Port) کو ملک کی مغربی اور شمال مغربی حصوں کی ضروریات کو پورا کرنے اور ممبئی بندرگاہ پر دباؤ کو کم کرنے کی غرض سے ایک اہم بندرگاہ کے طور پر فروغ دیا گیا ہے۔ اس بندرگاہ کو زیادہ مقدار میں پیٹرولیم، پیٹرولیم کی مصنوعات اور کیمیائی کھاد کی تجارت کو فروغ دینے کی غرض سے تیار کیا گیا ہے۔ وادی نار میں ایک بڑے ساحلی ٹرمنل کی تعمیر کی گئی ہے۔ تا کہ کاندلا بندرگاہ پر دباؤ کم کیا جاسکے۔

داخلی علاقہ کی حدود کا تعین کرنا مشکل ہے کیونکہ یہ مستقل نہیں ہوتی ہیں۔ زیادہ تر معاملات میں ایک بندرگاہ کا داخلی علاقہ دوسری بندرگاہ کے داخلی علاقہ میں مدغم ہوسکتا ہے۔

**ممبئی** (Mumbai) ایک قدرتی بندرگاہ ہے اور ملک کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے۔ یہ بندرگاہ مشرق وسطیٰ، بحر روم کے ممالک، شمالی افریقہ، شمالی امریکہ اور یوروپ کے قریب واقع ہے۔ ہندوستان کی غیر ملکی تجارت کا بڑا حصہ اسی بندرگاہ سے ہوتا ہے۔ یہ بندرگاہ 20 کلومیٹر لمبا اور 10-6 کلومیٹر چوڑا ہے اور اس میں 54 گودیاں ہیں۔ یہ ملک کا سب سے بڑا ایٹیل ٹرمنل ہے۔ مدھیہ پردیش، مہاراشٹرا، گجرات، اتر پردیش اور راجستھان کے حصے ممبئی بندرگاہ کے داخلی علاقہ میں شامل ہیں۔

**جواہرلال نہرو بندرگاہ** (Jawaharlal Nehru Port) کو نواشیوا میں ممبئی بندرگاہ پر دباؤ کو کم کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ یہ ملک کا سب بڑا کنٹینر بندرگاہ ہے۔

**مارماگاو بندرگاہ** (Marmagao Port) زُواری ندی کے دہانے پر قائم ہے۔ یہ گوا کی قدرتی بندرگاہ ہے۔ جاپان کو خام لوہا کی درآمدگی کے لیے 1961 میں اس کی تجدید کے بعد اس کی اہمیت بڑھ گئی۔ کونکن ریلوے کی تعمیر سے اس بندرگاہ کے داخلی علاقہ میں کافی توسیع ہوئی ہے۔ کرناٹک، گوا اور جنوبی مہاراشٹر اس بندرگاہ کے داخلی علاقہ میں شامل ہیں۔


**نیومنگلور بندرگاہ** (New Mangalore Port) کرناٹک میں قائم ہے۔ اس سے خام لوہے اور آئرن کنسٹریٹ کی برآمدگی کو فروغ ملا۔ یہ بندرگاہ کیمیائی کھاد، پیٹرولیم سے بنی اشیا، کھانے کے تیل، کافی، چائے، لگدی، سوت، گرینائٹ پتھر وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کرناٹک اس بندرگاہ کا خاص داخلی علاقہ ہے۔

**کوچی بندرگاہ** (Kochchi Port) ویمبا ناد کیال کے دہانے پر قائم ہے۔ عام طور پر یہ بندرگاہ ''بحر عرب کی رانی'' کے نام سے مشہور ہے۔ یہ بھی ایک قدرتی بندرگاہ ہے۔ اس بندرگاہ کو سوئز کولمبو بحری راستے کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ بندرگاہ کیرالہ، جنوبی کرناٹک اور جنوب مغربی تامل ناڈو کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔

**کولکاتہ بندرگاہ** (Kolkata Port) ہُگلی ندی پر خلیج بنگال سے 128 کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ ممبئی بندرگاہ کی طرح یہ بندرگاہ بھی انگریزوں نے ہی قائم کیا تھا۔ انگریزی حکومت کے شروعاتی دور میں کولکاتہ کو ہندوستان کا دارالخلافہ ہونے کی وجہ سے فوقیت حاصل تھی۔



© NCERT not to be republished




شکل 11.4 : ہندوستان–بڑی بندرگاہ اور بحری راستے

© NCERT not to be republished

وشاکھاپٹنم، پارادیپ اور ہلدیا بندرگاہوں سے برآمدات کے شروع ہونے کی وجہ سے کولکاتہ بندرگاہ کی اہمیت کافی کم ہوگئی ہے۔

ہگلی ندی میں گاد کے مسلسل جماؤ کی وجہ سے اس بندرگاہ کو دشواریوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔اس کے داخلی علاقہ میں اتر پردیش، بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، سکم، اور شمال مشرقی ریاستیں شامل ہیں۔اس کے علاوہ یہ بندرگاہ ہمارے ان پڑوسی ممالک کو جن کے پاس بندرگاہ کی سہولیات نہیں ہیں مثلاً نیپال، اور بھوٹان کو بھی بندرگاہ کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

**ہلدیا بندرگاہ** (Haldia Port) کولکاتہ سے 150 کلومیٹر کی دوری پر زیریں دریا قائم ہے۔اس کی تعمیر کولکاتہ بندرگاہ پر دباؤ کو کم کرنے کے لیے کی گئی۔ یہ بندرگاہ بھاری سامان جیسے خام لوہا، کوئلہ، پیٹرولیم، پیٹرولیم کی مصنوعات اور کیمیائی کھاد، جوٹ، جوٹ کی مصنوعات، کپاس اور سوت وغیرہ برآمد کرتا ہے۔

**پرادیپ بندرگاہ** (Paradwip Port) کٹک سے تقریباً 100 کلومیٹر کی دوری پر مہاندی ڈیلٹا میں واقع ہے۔ یہ ہندوستان کا سب سے گہرا بندرگاہ ہے اسی لیے بڑے جہازوں کی آمدورفت کے لیے مناسب ہے اس کی تعمیر بڑے پیمانے پر خام لوہا کی برآمد کے لیے کی گئی تھی۔اُڑیسہ، چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ اس کے داخلی علاقہ کا حصہ ہیں۔

آندھرا پردیش میں **وشاکھاپٹنم بندرگاہ** (Visakhapatnam Port) خشکی سے گھرا ہوا بندرگاہ ہے۔اس بندرگاہ کی تعمیر سخت چٹان اور ریت کو کاٹ کر کی گئی ہے اور اسے ایک نہر کے ذریعہ سمندر سے جوڑا گیا ہے۔خام لوہا، پیٹرولیم اور دیگر اشیا کو برآمد کرنے کے لیے ایک باہری بندرگاہ کی تعمیر کی گئی ہے۔آندھرا پردیش اس بندرگاہ کا اہم ترین داخلی علاقہ ہے۔

**چنئی بندرگاہ** (Chennai Port) مشرقی ساحل پر مقیم سب سے پرانی بندرگاہوں میں سے ایک ہے۔ یہ ایک مصنوعی بندرگاہ ہے جو تعمیر 1859 میں کی گئی تھی۔ساحل کے قریب گہرائی کم ہونے کی وجہ سے یہ بڑے جہازوں کے لیے مناسب نہیں ہے۔تامل ناڈو اور پانڈیچیری اس کے اہم داخلی علاقے ہیں۔

چنئی بندرگاہ پر دباؤ کو کم کرنے کے لیے چنئی سے 25 کلومیٹر شمال میں **انوّر** (Ennore) میں ایک نئے بندرگاہ کی تعمیر کی گئی۔

**ٹوٹی کورن** (Tuticorin Port) بندرگاہ کی تعمیر بندرگاہ پر دباؤ کو کم کرنے کے لیے کی گئی تھی۔ یہ بندرگاہ مختلف طرح کے سامان جس میں کوئلہ، نمک، خوردنی اشیا، کھانے کا تیل، شکر، کیمیکلس اور پیٹرولیم کی مصنوعات کی برآمد کرتا ہے۔

## ہوائی اڈے (Airports)

بین الاقوامی تجارت میں ہوائی اڈے ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ان کا استعمال قلیل وقت میں زیادہ دوری تک قیمتی سامان یا جلد خراب ہونے والے سامانوں کو پہچانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ بھاری اور حجم سامان کے لیے غیر مناسب اور کافی مہنگا ذریعہ ہے۔اسی وجہ سے بین الاقوامی تجارت میں آبی راستوں کے مقابلے اس کی حصہ داری کم ہے۔

ہندوستان میں کل 25 بین الاقوامی ہوائی اڈے کام کر رہے ہیں (سالانہ رپورٹ 17-2016)۔ان میں احمد آباد، بنگلورو، چنئی، دہلی، گوا، گوہاٹی، حیدرآباد، کولکاتہ، ممبئی اور تروانت پورم، سری نگر، جے پور، کالی کٹ، ناگ پور، کوئمبٹور، کوچی، لکھنؤ، پونے، چنڈی گڑھ، منگلورو، وشاکھاپٹنم، اندور، پٹنہ، بھوبنیشور اور کنّور شامل ہیں۔

آپ اس سے پہلے کے باب میں ہوائی آمدورفت کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔آپ اس باب پر غور کیجیے اور ہندوستان کے ہوائی راستوں کی خصوصیات معلوم کیجیے۔


### سرگرمی

اپنے قریبی گھریلو اور بین الاقوامی ہوائی اڈوں کے نام لکھیے۔ سب سے زیادہ گھریلو ہوائی اڈے والی ریاست کی پہچان کیجیے۔

---

ان چار شہروں کی نشاندہی کیجیے جہاں سب سے زیادہ ہوائی راستے آپس میں ملتے ہیں اس کی وجوہات بھی بیان کیجیے۔

not to be republished © NCERT




**شکل 11.5:** ہندوستان – ہوائی راستے



# مشقیں

**1۔** مندرجہ ذیل چار جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

*(i)* دو ممالک کے مابین تجارت کو کہتے ہیں:

*(a)* گھریلو تجارت *(b)* بیرونی تجارت

*(c)* بین الاقوامی تجارت *(d)* مقامی تجارت

*(ii)* ذیل میں سے کون سی ایسی بندرگاہ ہے جو خشکی سے گھری ہوئی ہے؟

*(a)* وشاکھاپٹنم *(b)* ممبئی

*(c)* انّور *(d)* ہلدیا

*(iii)* ہندوستان کی زیادہ تجارت ہوتی ہے:

*(a)* خشکی اور بحری راستوں کے ذریعہ *(b)* خشکی اور فضائی راستوں کے ذریعہ

*(c)* بحری اور فضائی راستوں کے ذریعہ *(d)* بحری راستوں کے ذریعہ

**2۔** مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 30 الفاظ میں لکھیے۔

*(i)* ہندوستان کی بین الاقوامی تجارت کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

*(ii)* بندرگاہ اور گودی میں فرق بیان کیجیے۔

*(iii)* داخلی علاقہ سے کیا مراد ہے؟

*(iv)* ہندوستان کی اہم درآمدات کی ایک فہرست مرتب کیجیے۔

*(v)* مشرقی ساحل پر قائم اہم بندرگاہوں کے نام بتائیے۔

© NCERT not to be republished

**3**۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 150 الفاظ میں دیجیے۔

(i) ہندوستان کی برآمدی اور درآمدی تجارت کی ساخت بیان کیجیے۔

(ii) ہندوستان کی بین الاقوامی تجارت کی بدلتی تصویر پر ایک نوٹ لکھیے۔

© NCERT
not to be republished